Registerd Under RNI-DELURD/2003/9333

بشکریہ سیوی چلڈرن

گذشتہ آٹھ اکتوبر کو جموں وکشمیر میں آنے والے زلزلے کے چند دنوں بعد ہی امریکی راحت رسانی پروگرام کے تحت غذائی اشیاء، گرم کپڑے، کمبل، کام کے بدلے پیسے کے واجبی پروگرام اور رہائشی ساز وسامان متاثرین تک پہنچنے لگے ہیں۔ یہ بروقت امداد، دراصل ۶۰۰,۰۰۰ ڈالر پر مشتمل راحت رسانی کے ایک امریکی پروگرام کا حصہ ہے۔ ''سیوی چلڈرن'' کا شمار ان تنظیموں میں ہوتا ہے جنھوں نے امریکی عوام کے مالی تعاون سے سب سے پہلے فوری راحت رسانی کا انسانی فریضہ ادا کیا۔ زیرِ نظر تصویروں میں انسانی ہمدردی کے جیتے جاگتے مناظر دیکھے جاسکتے ہیں۔

دائیں: سرحدی شہر اُری کے باہر دامنِ کہسار میں واقع باندی گاؤں میں بچوں کو گرم جیکٹیں تقسیم کی گئیں۔

نیچے: متاثر ترین علاقوں میں ہندوستانی کنبوں کو چاول، دال، تیل اور نمک مہیا کرایا گیا۔ دی یونائیٹڈ اسٹیٹس ایجنسی فار انٹرنیشنل ڈولپمنٹ آفس آف فارن ڈیزاسٹر اسسٹنس نے اس ضمن میں سیوی چلڈرن کو ۱,۸۰,۰۰۰ ڈالر، کیتھولک ریلیف سروسز کو ۱,۷۰,۰۰۰ ڈالر نیز انڈیاز کنفیڈریشن آف والنٹری ایسوسی ایشنز کو ۴۳,۰۰۰ ڈالر، کیئر اور ورلڈ ویژن میں ہر ایک کو ۱۰۰,۰۰۰ ڈالر اور وزیر اعظم کے قومی ریلیف فنڈ میں ۵۰,۰۰۰ ڈالر کی مالی معاونت کی ہے۔

امداد برائے زلزلہ زدگان

بشکریہ یاس ستوڑی